آڈٹ بیورو آف سرکولیشن (ABC) وزارت اطلاعات ونشریات سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

DAILY NAWA-E-AHMEDPUR SHARQIA

روزنامہ
نوائے احمد پور شرقیہ
بہاولپور

چیف ایڈیٹر: احسان احمد سحر
ٹیلیفون نمبر 062-2508053
موبائل 0301-7740405
ایڈیٹر: اعجاز احمد خان
مینجنگ ایڈیٹر: محمد سلیمان فاروقی

E-mail: nawaiahmedpur@gmail.com, daily.nawaiahmedpur@gmail.com

جلد نمبر 20 | بروز جمعرات 30 اپریل 2026ء قیمت فی شمارہ 10 روپے زرسالانہ 3 ہزار روپے | شمارہ نمبر 61

پاکستان کی کوششوں سے جنگ بندی ہوئی

توسیع بھی کی گئی
جوتا حال برقرار
ہے وزیراعظم

11 اپریل کو ایران اور امریکا کے درمیان اسلام آباد میں مذاکراتی عمل کا آغاز ہوا، جس کے دوران فریقین کے درمیان 21 گھنٹے طویل نشست ہوئی، ان کوششوں کے نتیجے میں سیز فائر ممکن ہوا اور اس میں توسیع بھی کی گئی جو تا حال برقرار ہے

نائب وزیراعظم اسحاق ڈار، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور ان کی ٹیم نے خلوص نیت سے کردار ادا کیا، جبکہ محسن نقوی کی کوششیں بھی قابلِ ستائش ہیں، ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے پاکستان کا دورہ کیا، شہباز شریف

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ حالیہ ہفتوں میں پیش آنے والے اہم واقعات پر کابینہ کو اعتماد میں لیا جا رہا ہے اور پاکستان نے خطے میں امن کے قیام کے لیے بھرپور سفارتی کوششیں کی ہیں۔ وفاقی کابینہ کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا تھا کہ 11 اپریل کو ایران اور امریکا کے درمیان اسلام آباد میں مذاکراتی عمل کا

بقیہ نمبر 1 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

یوکرین دفاع کیلئے نائن الیون کے بعد جیسے اتحاد کی ضرورت ہے: شاہ چارلس

ماضی کے تمام اختلافات کے باوجود برطانیہ اور امریکہ نے مشترکہ راستے تلاش کیے برطانیہ کے بادشاہ کا امریکی کانگریس سے خطاب

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) برطانیہ کے بادشاہ چارلس نے کہا ہے کہ جو اتحاد نائن الیون کے بعد نظر آیا اس کی آج یوکرین کے دفاع کیلئے

بقیہ نمبر 2 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پاکستان میں کرپشن بارے IMF رپورٹ متعصب، نامناسب ہے: چیئرمین نیب

میرا آئی ایم ایف سے اعتماد اٹھ گیا، آئی ایم ایف کو ہم نے بہت جگہ دی وہ ابھی بیڈروم تک آ رہا ہے۔ لیفٹیننٹ جنرل (ر) نذیر احمد

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) قومی احتساب بیورو (نیب) کے چیئرمین لیفٹیننٹ جنرل (ر) نذیر احمد نے کہا کہ پاکستان میں کرپشن سے متعلق آئی ایم ایف کی رپورٹ متعصب اور نامناسب ہے۔ سینئر صحافیوں سے غیر رسمی گفتگو

بقیہ نمبر 6 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

امریکی صدر ٹرمپ کی ایران کیخلاف طویل المدتی بحری ناکہ بندی کی ہدایت

ایران کی معیشت اور تیل کی برآمدات پر دباؤ جاری رکھا جائے، ایرانی بندرگاہوں سے آنے جانے والی شپنگ کو روکا جائے مشیروں کو ہدایت

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اپنے مشیروں کو ایران کے خلاف طویل المدتی بحری ناکہ بندی کی ہدایت

بقیہ نمبر 4 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں مندی 100 انڈیکس 1 لاکھ 65 ہزار تک گر گیا

کراچی (سی ایم لنکس) پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں کاروباری ہفتے کے تیسرے روز شدید

بقیہ نمبر 3 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پاک افغان سرحد پر افغان طالبان کی بلا اشتعال جارحیت، پاک فوج کا بھرپور جواب

پاک فوج نے چمن سیکٹر میں افغان طالبان کی متعدد چوکیوں اور گاڑیوں کو درستگی سے نشانہ بنا کر تباہ کر دیا

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاک افغان سرحد پر افغان طالبان اور فتنہ الخوارج کی بلا اشتعال جارحیت کا پاک فوج نے بھرپور جواب دیا۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق پاک فوج کی آپریشن غضب للحق کے تحت افغان طالبان کی بلا اشتعال جارحیت پر بھرپور کارروائیاں جاری ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پاک فوج نے چمن سیکٹر میں افغان طالبان کی متعدد چوکیوں اور گاڑیوں کو درستگی سے نشانہ بنا کر تباہ کر دیا، پاک فوج کی موثر کارروائیوں نے افغان طالبان اور فتنہ الخوارج کو پسپائی پر مجبور کر دیا ہے۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق

بقیہ نمبر 5 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

اسلام آباد ہائیکورٹ سے ٹرانسفر ہونیوالے تینوں ججز کی سنیارٹی متاثر

اسلام آباد ہائی کورٹ کے ٹرانسفر ہونے والے 3 ججز سنیارٹی لسٹ میں تینوں صوبوں میں جونیئر جج بن گئے۔ جسٹس محسن اختر کیانی کا اسلام آباد ہائیکورٹ میں سنیارٹی لسٹ میں دوسرا نمبر تھا، تبادلے کے بعد جسٹس محسن اختر کیانی کا لاہور ہائیکورٹ سنیارٹی لسٹ میں بارھواں نمبر ہوگا

جسٹس بابر ستار کا اسلام اباد ہائی کورٹ میں سنیارٹی لسٹ میں تیسرا نمبر تھا، تبادلے کے بعد جسٹس بابر ستار پشاور ہائی کورٹ میں چھٹے نمبر پر چلے گئے، اس کے علاوہ جسٹس ثمن رفعت اسلام آباد ہائی کورٹ میں سنیارٹی لسٹ کے مطابق چھٹے نمبر پر تھیں، جبکہ سندھ ہائی کورٹ میں تبادلے کے بعد جسٹس ثمن رفعت کا سنیارٹی لسٹ کے مطابق 16 واں نمبر ہوگا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اسلام آباد ہائیکورٹ سے ٹرانسفر ہونے والے تینوں ججز کی سنیارٹی متاثر ہوگئی۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کے ٹرانسفر ہونے والے 3 ججز سنیارٹی لسٹ میں تینوں صوبوں میں جونیئر جج بن گئے۔ جسٹس محسن اختر کیانی کا اسلام آباد ہائیکورٹ میں سنیارٹی لسٹ میں دوسرا نمبر تھا، تبادلے کے بعد جسٹس محسن اختر کیانی کا لاہور ہائیکورٹ سنیارٹی لسٹ میں بارھواں نمبر ہوگا۔ جسٹس بابر ستار کا اسلام اباد ہائی کورٹ میں سنیارٹی لسٹ میں تیسرا نمبر تھا، تبادلے کے بعد جسٹس بابر ستار پشاور ہائی کورٹ میں چھٹے نمبر پر چلے گئے، اس کے علاوہ جسٹس ثمن رفعت اسلام آباد ہائی کورٹ میں سنیارٹی لسٹ کے مطابق چھٹے نمبر پر تھیں، جبکہ سندھ ہائی کورٹ میں تبادلے کے بعد جسٹس ثمن رفعت کا سنیارٹی لسٹ کے مطابق 16 واں نمبر ہوگا۔ تینوں جج کا پنجاب، سندھ اور خیبر پختونخوا میں تبادلوں کے بعد وہ اب

بقیہ نمبر 9 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

عیدالاضحیٰ، تمام کنٹریکٹرز اپنے آپریشنل پلانز کو جلد از جلد مکمل کریں

مینجنگ ڈائریکٹر ستھرا پنجاب ایجنسی بہاولپور، محمد قاسم گل کی ہدایت

بہاول پور (پ ر) مینجنگ ڈائریکٹر ستھرا پنجاب ایجنسی بہاولپور، محمد قاسم گل نے ہدایت کی ہے کہ عید الاضحیٰ کے موقع پر فول پروف صفائی انتظامات کو یقینی بنانے کے لیے تمام کنٹریکٹرز اپنے آپریشنل پلانز کو جلد از جلد مکمل کریں تا کہ اس

بقیہ نمبر 7 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا کی زیر صدارت ضلع میں ریڑھی بازاروں کے قیام سے متعلق ایک اہم جائزہ اجلاس

اجلاس میں متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی اور ریڑھی بازار منصوبے کے مختلف پہلوں پر بریفنگ دی گئی

بہاولپور سٹی میں 120، بہاولپور صدر میں 25، احمد پور ایسٹ میں 130، یزمان میں 170، خیر پور ٹامیوالی میں 65 جبکہ حاصل پور میں 150 ہینڈ کارٹس مختص کی گئی ہیں

بہاول پور (پ ر) ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا کی زیر صدارت ضلع میں ریڑھی بازاروں کے قیام سے متعلق ایک اہم جائزہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں مختلف تحصیلوں میں منصوبے پر ہونے والی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا

بقیہ نمبر 13 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بہاولپور: ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا شہر میں ریڑھی بازاروں کے قیام سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن ”کلین اینڈ گرین پنجاب“

ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا کا فرید گیٹ کے قریب واقع گرین بیلٹس کا تفصیلی دورہ

بہاول پور (پ ر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن ”کلین اینڈ گرین پنجاب“ کے تحت ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا نے فرید گیٹ کے قریب واقع گرین بیلٹس کا تفصیلی دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی (ٹیوٹا) کی زیر نگرانی گرین بیلٹس میں جاری صفائی اور بحالی کے

بقیہ نمبر 10 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

چنی گوٹھ میں تجاوزات کی بھرمار نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنا دی

تجاوزات کے خلاف کارروائی صرف کاغذوں تک محدود ہے جبکہ عملی اقدامات نظر نہیں آ رہے

ریلوے اسٹیشن چوک کو تجاوزات سے پاک کروا کر ٹریفک کی روانی بحال کی جائے , ضلعی انتظامیہ سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ

چنی گوٹھ (نامہ نگار) چنی گوٹھ میں تجاوزات کی بھرمار نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنا دی ہے، ریلوے اسٹیشن چوک پر ریڑھی بانوں اور ٹھیلے والوں نے مکمل قبضہ جما رکھا ہے جس کے باعث ٹریفک کی روانی بری طرح متاثر ہو رہی ہے۔ سبزی اور پھل فروشوں کی جانب سے سڑکوں پر پھٹے لگا کر کاروبار کرنے سے راستے سکڑ گئے ہیں اور گاڑیوں کا گزرنا محال ہو چکا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ روزانہ کی بنیاد پر اس مقام پر شدید ٹریفک جام معمول بن چکا ہے، جس سے طلبہ، ملازمین اور مریضوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔

بقیہ نمبر 17 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بہاولپور: ایم ڈی ستھرا پنجاب ایجنسی محمد قاسم گل عیدالاضحی کے موقع پر کنٹریکٹرز کے ساتھ صفائی انتظامات بارے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

محکمہ سوشل ویلفیئر کے زیر اہتمام خصوصی تقریب

اجلاس کی صدارت ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا نے کی

بہاول پور (پ ر) ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا کی زیر صدارت ڈپٹی کمشنر آفس بہاول پور میں محکمہ سوشل ویلفیئر کے زیر اہتمام خصوصی تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں معذور اور اسپیشل افراد میں الیکٹرک ٹرائی موٹر سائیکل مفت تقسیم کی گئیں۔ تقریب کا مقصد خصوصی افراد کو بااختیار بنانا اور انہیں معاشرے کا کارآمد شہری بنانے میں معاونت

بقیہ نمبر 11 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پٹھان کالونی میں کلہاڑیوں سے مسلح آٹھ افراد حملہ ایک شخص ارسلہ خان شدید زخمی

اطلاع ملنے پر پولیس موقع پر پہنچ گئی اور زخمی کو طبی امداد کے لیے منتقل کر دیا گیا

چنی گوٹھ پولیس نے واقعے کا مقدمہ درج کر کے ملزمان کی تلاش شروع کر دی ہے

چنی گوٹھ (نامہ نگار) چک نمبر 158 این پی کی پٹھان کالونی میں کلہاڑیوں سے مسلح آٹھ افراد نے حملہ کر کے ایک شخص کو شدید زخمی کر دیا۔ واقعے کے مطابق مقامی رہائشی عیسی خان پٹھان نے پولیس کو بتایا کہ اس کا بھائی ارسلہ خان گھر کے قریب سودا سلف لینے کے لیے جا رہا تھا کہ اسی دوران آٹھ مسلح افراد، جن میں عصمت اللہ، عصمت اللہ عرف شنگھائی، موسی خان، علی خان،

بقیہ نمبر 8 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

کامیاب معرکہ حق بنیان مرصوص کی ایک سالہ تکمیل پر آئی یو بی میں پندرہ روزہ تقریبات کا آغاز ہو گیا

وائس چانسلر اسلامیہ یونیورسٹی بہاول پور پروفیسر ڈاکٹر محمد کامران نے آج عباسیہ کیمپس میں اساتذہ، طلباو طالبات اور ملازمین کے ہمراہ پرچم کشائی کی اور قومی نعرہ لگایا

بعدازاں وائس چانسلر کی قیادت میں ریلی نکالی گئی' معرکہ حق پاکستان کیلئے پوری دنیا میں عزت و وقار میں اضافے کا باعث بنا' وائس چانسلر

وائس چانسلر اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور پروفیسر ڈاکٹر محمد کامران معرکہ حق بنیان المرصوص کی ایک سال تکمیل پر عباسیہ کیمپس میں پرچم کشائی کر رہے ہیں۔

بہاول پور (پ ر) کامیاب معرکہ حق بنیان مرصوص کی ایک سالہ تکمیل پر اسلامیہ یونیورسٹی بہاول پور میں پندرہ روزہ تقریبات کا آغاز ہو گیا۔ وائس چانسلر اسلامیہ یونیورسٹی بہاول پور پروفیسر ڈاکٹر محمد کامران نے آج عباسیہ کیمپس میں اساتذہ، طلباو طالبات اور ملازمین کے ہمراہ پرچم کشائی کی اور قومی نعرہ لگایا۔ بعدازاں وائس چانسلر کی قیادت میں ریلی نکالی گئی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وائس چانسلر نے کہا کہ معرکہ حق پاکستان کے لئے پوری دنیا میں عزت و وقار میں اضافے کا باعث بنا۔ پاکستان نے بزدل دشمن کو منہ توڑ جواب دیا اور پانچ گنا بڑی طاقت کو شکست فاش سے دوچار کیا۔ پاکستان نے میدان جنگ کے علاوہ سفارتی میدان میں بھی بہت کامیابیاں حاصل کیں۔ معرکہ حق کے بعد سفارتی

بقیہ نمبر 24 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بہاولپور: ڈی پی او رانا عبدالوہاب اپنے آفس میں کھلی کچہری کے موقع پر شہریوں کے مسائل دریافت کر رہے ہیں۔

ڈی پی او رانا عبدالوہاب کی اپنے دفتر میں کھلی کچہری

20 سے زائد شہریوں نے اپنے مسائل ڈی پی او کے سامنے رکھے۔

بہاول پور (پ ر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب کا شہریوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کیلئے روزانہ کی بنیاد پر اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد، 20 سے زائد شہریوں نے اپنے مسائل ڈی پی او کے سامنے رکھے۔ برآمدگی کے مقدمات میں جلد ریکوری کر کے رپورٹ پیش کرنے کے احکامات جاری

بقیہ نمبر 12 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

گورنمنٹ بوائز ہائی سکول میتلا سکول کونسل کا پرنسپل حاجی اللہ رکھا منور کی صدارت میں اجلاس

اسکول کی تعلیمی و انتظامی صورتحال اور حکومتی پالیسیوں کے نفاذ کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

اللہ آباد (نامہ نگار) گورنمنٹ بوائز ہائی سکول میتلا میں سکول کونسل کا اجلاس منعقد ہوا جس کی صدارت سکول کے پرنسپل حاجی اللہ رکھا منور نے کی۔ اجلاس میں اسکول کی تعلیمی و انتظامی صورتحال اور حکومتی پالیسیوں کے نفاذ کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس کا بنیادی ایجنڈا سرکاری سکولوں کے لیے متعارف کروائے گئے مالی خودمختاری ماڈل کا جائزہ لینا تھا۔ اس ماڈل

بقیہ نمبر 22 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

جبری مشقت کے ذریعے تیار کردہ اشیاء درآمد کرنے پر پابندی عائد

وفاقی حکومت نے باضابطہ طور پر نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی حکومت نے جبری مشقت کے ذریعے اشیاء بنانے والے ممالک سے جبری مشقت سے تیار کردہ اشیاء درآمد کرنے پر پابندی عائد کر دی ہے، ان ممالک سے درآمد کرنے والے درآمد کنندگان کے لیے متعلقہ دستاویزی ثبوت یا سرٹیفکیشن کو لازمی قرار دیا گیا ہے۔ اس حوالے سے وفاقی حکومت نے

بقیہ نمبر 14 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

شعبہ فارسی اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور میں شاعر مشرق علامہ محمد اقبال کی یوم وفات کی مناسبت سے منعقدہ سیمینار سے بریگیڈئر (ر) ڈاکٹر وحید الزمان طارق اور دیگر خطاب کر رہے ہیں۔

عالمی منڈی میں خام تیل 113 ڈالرز فی بیرل سے تجاوز کر گیا

دوحہ (سی ایم لنکس) امریکا ایران مذاکرات میں عدم پیش رفت کے باعث خام تیل کی قیمتوں میں اضافہ جاری ہے۔ عالمی منڈی میں برینٹ 113 ڈالرز فی بیرل سے تجاوز کر گیا، امریکی خام تیل ڈبلیو ٹی آئی کی 112 ڈالرز پر ٹریڈنگ جاری ہے۔ ایشیائی اور یورپی اسٹاک

بقیہ نمبر 23 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

افغانستان کے ساتھ معاملات میں مذاکرات ہی آگے بڑھنے کا موثر راستہ ہے

یورپی یونین کے سفیر ریمونڈاس کاروبلس کی قیادت میں آنے والے وفد سے گفتگو

پشاور (سی ایم لنکس) یورپی یونین کے سفیر ریمونڈاس کاروبلس کی قیادت میں آنے والے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے سہیل آفریدی نے کہا کہ پاکستان اور افغانستان کے درمیان ہزاروں سال پر محیط مشترکہ تاریخ اور ثقافتی رشتے موجود ہیں، افغانستان کی جنگ کے اثرات سے خیبر پختونخوا کو

بقیہ نمبر 20 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ کا برطانیہ کے دفاع و سلامتی فورم سے تاریخی خطاب

لندن (سی ایم لنکس) ایک غیر معمولی اور تاریخی سفارتی پیش رفت میں، وفاقی وزیر برائے

بقیہ نمبر 21 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

عدالتوں میں اے آئی کے استعمال کی قومی گائیڈ لائنز جاری

عدالتوں میں اے آئی ججز کی معاونت کرے گی تاہم فیصلے انسان ہی کریں گے

اسلام آباد (سی ایم لنکس) نیشنل جوڈیشل پالیسی میکنگ کمیٹی نے عدالتوں میں اے آئی کے استعمال کی قومی گائیڈ لائنز جاری کر دیں۔ سپریم کورٹ کے اعلامیہ کے مطابق عدالتوں میں اے آئی ججز کی معاونت کرے گی تاہم فیصلے انسان ہی کریں گے، اے آئی عدالتی فیصلوں کا متبادل نہیں، ججز آخری اتھارٹی ہوں گے۔ اعلامیہ کے مطابق

بقیہ نمبر 15 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

علامہ محمد اقبال کی یوم وفات کی مناسبت سے بریگیڈئر (ر) ڈاکٹر وحید الزمان طارق کا خصوصی لیکچر

لیکچر بعنوان "سامراجیت بہ نظر اقبال - موجودہ عالمی تناظر میں" منعقد ہوا

شعبہ فارسی اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور میں شاعر مشرق علامہ محمد اقبال کی یوم وفات کی مناسبت سے بریگیڈئر (ر) (ڈاکٹر وحید الزمان طارق کا خصوصی لیکچر بعنوان "سامراجیت بہ نظر اقبال- موجودہ عالمی تناظر میں" منعقد ہوا۔ پروگرام میں مختلف شعبہ جات کے اساتذہ کرام، طلبہ اور معززین شہر نے شرکت کی اور بریگیڈئر صاحب کی پر مغز و بصیرت افروز گفتگو سے مستفید ہوئے۔

بقیہ نمبر 19 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

امریکا کی دشمنی و دوستی دونوں ہی غلط ہیں: حافظ نعیم الرحمن

امریکا کے اثر سے لوگ نکلنا شروع ہو گئے ہیں

لاہور (سی ایم لنکس) امیر جماعتِ اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن کا کہنا ہے کہ امریکا کی دشمنی اور دوستی دونوں ہی غلط ہیں۔ منصورہ لاہور میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا ہے کہ امریکا کے اثر سے لوگ نکلنا شروع ہو گئے ہیں، امریکی غلامی کا لبادہ اتار کر پھینکنے کی ضرورت ہے۔ حافظ نعیم الرحمن کا کہنا ہے کہ پاکستان کے

بقیہ نمبر 16 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں پر حکومتی پالیسی بالکل غلط ہے، شاہد خاقان

کراچی کے مسائل پر بات کرنا ضروری ہے کیونکہ کراچی ترقی کریگا تو پاکستان ترقی کریگا

کراچی (سی ایم لنکس) عوام پاکستان

بقیہ نمبر 18 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

OUR RESOLVE CAN'T BE CHALLENGED
The Islamia University of Bahawalpur, Pakistan

وائس چانسلر اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور پروفیسر ڈاکٹر محمد کامران معرکہ حق بنیان المرصوص کی ایک سال تکمیل پر خصوصی ریلی میں اساتذہ اور طلباء وطالبات کے ہمراہ۔

بہاولپور: ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا معذور اور اسپیشل افراد میں الیکٹرک ٹرائی موٹر سائیکل مفت تقسیم کر رہے ہیں۔

ایک دام

نشاط

پروپرائیٹر میاں خالد اینڈ سنز

فیبرکس

آپ کا اعتماد...... ہماری پہچان

نزد رسول پلازہ ڈیرہ نواب روڈ

میاں بلال خالد 0332-6263802 – میاں عمر خالد 0331-7567242

جینٹس ورائٹی' یامین' زین جی' اپ ٹائم' رواج' کرینٹ' کراؤن 'پوری' نارکنز لیڈیز ورائٹی' بن الیاس' ایڈن روب' رنگ رسیہ 'ایمان عدیل' علیزے' زل بری' شنائیل' میرین کلاسک' بن وحید 'بن سعید' پیری ڈوٹ' موٹفز' شادی بیاہ کی اعلیٰ ترین ورائٹی آپ کی پسند کے مطابق دستیاب ہے۔

EFA School System

ایفا

نرسری تا نہم

سکول سسٹم

پنجاب گروپ آف کالجز کا تعلیمی منصوبہ

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

نزد پنجاب کالج فنچی موڑ احمد پور شرقیہ

آپ کا اعتماد......ہمارا معیار

نشاط

آوٹ فٹ

ہمارے ہاں

بن سعید
سکس برو
کارلوکلب
مسٹر ہارون
آئی پی
ایم پی
زارا
نائیک
پولو
فورکڈز
بیس
بینگو
کڈز
بے بی بابا
کرتا شلوار

میاں حمزہ خالد

0300-4655291

فراک کی اعلیٰ ترین ورائٹی دستیاب ہے

پینٹ شرٹ ہر سائز میں خرید فرمائیں۔

شاپ نمبر 1 جنگو پلازہ ڈیرہ نواب روڈ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Muslim Public High School

مسلم پبلک

ہائی سکول

(بوائز اینڈ گرلز)

پرنسپل: محمد اسماعیل فاروقی

ایم اے ایل ایل بی

0300-8884846

کچہری روڈ احمد پور شرقیہ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Ahmedpur Public High School

احمد پور پبلک

ہائی سکول

(بوائز اینڈ گرلز)

کنگن روڈ احمد پور شرقیہ

پرنسپل محمد یوسف فاروقی

بی اے ایل ایل بی

0301-8688787

Punjab College

(Ahmedpur East)

پنجاب کالج

(احمد پور شرقیہ)

F.Sc **I.CS.** **FA{iT]**

BS **BS** **BS**
(Computer Scienic)

بوائزاور گرلز کیلئے علیحدہ کیمپس

قنچی موڑ ڈیرہ نواب روڈ احمد پور شرقیہ

اب نئی انتظامیہ کے ساتھ

The Educators

دی ایجوکیٹرز

نرسری تا پنجم

بین ہاؤس سکول سسٹم کا پراجیکٹ

عثمان کیمپس

سیٹلائٹ ٹاؤن بالمقابل مدینہ مسجد
نزد مسجد العزیز حمزہ ٹاؤن احمد پور شرقیہ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Al Saleem Public School

السلیم پبلک سکول

(رجسٹرڈ)

(نرسری تا میٹرک)

(بوائز اینڈ گرلز)

پرنسپل وڈائریکٹر

ارشد سلیم

نزد ہائی وے مسافر خانہ

کے ایل پی روڈ مسافر خانہ تحصیل بہاولپور صدر ضلع بہاولپور

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

پبلک ہائیر سیکنڈری

احمد پور سکول

بوائز اینڈ گرلز
نرسری تا میٹرک

6 کنال رقبہ پر مشتمل سکول کیمپس

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

ایم اے بی ایڈ ایل ایل بی

0300-8688787

Dawlance
COSTUMER SERVICE CENTER
ALI COOLING CENTER
علی کولنگ سنٹر
احمد علی چوہدری
0300-6816803
0304-8201111
کچہری روڈ نزد UBL بینک احمد پور شرقیہ

لاہور: وزیر بلدیات ذیشان رفیق، وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری اور مشیر وزیر اعلیٰ ذیشان ملک لاہور ڈویلپمنٹ پروگرام کی سٹیئرنگ کمیٹی کے اجلاس میں شریک ہیں۔

بہاولپور: ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل اتھارٹی (ٹیوٹا) کی زیر نگرانی گرین بیلٹس میں جاری صفائی اور بحالی کے کاموں کا معائنہ کر رہے ہیں۔

لودھراں: ڈسٹرکٹ جیل میں قیدیوں کی تعلیم بارے اجلاس میں سپرنٹنڈنٹ سہیل نبی کلی ڈاکٹر شازیہ نورین ودیگر شریک ہیں۔

لودھراں: ڈپٹی کمشنر محمد اشرف یونین کونسلوں کی حد بندیوں بارے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

بہاولپور: ڈی پی او رانا عبدالوہاب کے احکامات، تھانہ صدر حاصل پور پولیس کارروائی چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث ملزمان کو گرفتار کر کے نقد رقم اور سرقہ شدہ سامان برآمد کر لیا۔

لاہور: امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن منصورہ میں پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں۔

لودھراں: ڈپٹی کمشنر محمد اشرف شاپر بیگز پر پابندی بارے پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 01

آغاز ہوا، جس کے دوران فریقین کے درمیان 21 گھنٹے طویل نشست ہوئی، ان کوششوں کے نتیجے میں سیز فائر ممکن ہوا اور اس میں توسیع بھی کی گئی جو تاحال برقرار ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ نائب وزیراعظم اسحاق ڈار، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور ان کی ٹیم نے خلوص نیت سے کردار ادا کیا، جبکہ محسن نقوی کی کوششیں بھی قابلِ ستائش ہیں، ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے پاکستان کا دورہ کیا، جہاں تفصیلی مذاکرات ہوئے، بعدازاں وہ عمان اور روس بھی گئے۔ شہباز شریف کا کہنا تھا کہ اس صورتحال کے باعث عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں نمایاں اضافہ ہوا، جس کے نتیجے میں پاکستان کا ایک ہفتے کا درآمدی بل 30 کروڑ ڈالر سے بڑھ کر 80 کروڑ ڈالر تک پہنچ گیا، بڑھتی ہوئی قیمتوں نے معاشی استحکام کی کوششوں پر اثر ڈالا ہے، تاہم حکومت نے اجتماعی کاوشوں کے ذریعے صورتحال سے نمٹنے کے لیے اقدامات کیے ہیں۔ انہوں نے علی پرویز ملک کی کوششوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ روزانہ کی بنیاد پر ٹاسک فورس صورتحال کی نگرانی کر رہی ہے، جبکہ پبلک ٹرانسپورٹ اور دیگر شعبوں میں سبسڈی برقرار رکھنے کے لیے صوبوں سے مشاورت جاری ہے۔ وزیراعظم نے مزید بتایا کہ پاکستان نے حالیہ عرصے میں ساڑھے 3 ارب ڈالر کے بیرونی قرضے واپس کیے ہیں اور سعودی عرب کی قیادت کے تعاون پر شکریہ ادا کیا، مسائل کے حل کے لیے دن رات محنت کرنا ہوگی اور قوم کو ہمت، محنت اور یکسوئی کے ساتھ آگے بڑھنا ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ خطے میں کشیدگی جلد ختم ہوگی اور پائیدار امن قائم ہوگا، جبکہ پاکستان کی امن کے لیے کوششیں مسلسل جاری رہیں گی۔

بقیہ نمبر 02

ضرورت ہے۔ امریکی کانگریس سے خطاب کرتے ہوئے شاہ چارلس نے وائٹ ہاس پریس ڈنر حملے کی مذمت کی اور کہا کہ تشدد کا یہ عمل کبھی کامیاب نہیں ہوگا، جمہوری ممالک اپنے لوگوں کے تحفظ کیلئے متحد رہیں گے۔ انہوں نے یورپ اور امریکہ کی شراکت داری کو آج پہلے سے کہیں زیادہ اہم قرار دیتے ہوئے کہا کہ جو اتحاد نائن الیون کے بعد نظر آیا اس کی آج یوکرین کے دفاع کیلئے ضرورت ہے، انہوں نے یوکرین کے دفاع کیلئے غیر متزلزل عزم کی اپیل کی اور کہا کہ یوکرین میں قیام امن کیلئے مغربی اتحاد کا برقرار رہنا ضروری ہے کیونکہ یہ جنگ نیٹو کے عزم کا امتحان لے رہی ہے۔ بادشاہ چارلس کا کہنا تھا کہ برطانیہ اور امریکہ کا اتحاد صرف ماضی کی کامیابیوں پر قائم نہیں رہ سکتا، ماضی کے تمام اختلافات کے باوجود برطانیہ اور امریکہ نے مشترکہ راستے تلاش کیے، برطانیہ اور امریکہ کا اتحاد تاریخ کے عظیم ترین اتحادوں میں سے ایک ہے۔ اس کے علاوہ شاہ چارلس نے ماحولیاتی تحفظ، انسانی ہمدردی اور مذاہب کے احترام کو فروغ دینے کی ضرورت پر بھی زور دیا اور کہا کہ موجودہ غیر یقینی دور میں رواداری اور آزادی جیسی جمہوری اقدار کا دفاع زیادہ ضروری ہے۔

بقیہ نمبر 03

مندی دیکھی گئی۔ بازار حصص میں کاروبار کے دوران 100 انڈیکس میں 2588 پوائنٹس کی کمی ریکارڈ کی گئی جس کے بعد انڈیکس 1 لاکھ 65 ہزار 823 پوائنٹس پر آ گیا۔ آج کاروبار کے دوران 100 انڈیکس 1 لاکھ 65 ہزار 391 پوائنٹس کی نچلی سطح تک آیا، جبکہ 1 لاکھ 69 ہزار 686 کی بلند سطح تک بھی گیا۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز کاروبار کے اختتام پر 100 انڈیکس 1 لاکھ 68 ہزار 412 پوائنٹس پر بند ہوا تھا۔

بقیہ نمبر 04

کردی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے مشیروں کو ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ ایران کے خلاف طویل المدتی بحری ناکہ بندی کی تیاری کریں۔ ان کا کہنا تھا کہ ایران کی معیشت اور تیل کی برآمدات پر دبا جاری رکھا جائے، ایرانی بندرگاہوں سے آنے جانے والی شپنگ کو روکا جائے، بمباری شروع کرنا یا تنازع سے باہر نکلنا ناکہ بندی برقرار رکھنے کے مقابلے میں زیادہ خطرناک ہیں۔ ٹرمپ نے کہا کہ بادشاہ چالس متفق ہیں کہ ایران جوہری بم نہیں رکھ سکتا، امریکا نے ایران کو فوجی شکست دی ہے، برطانیہ سے تاریخی رشتہ اجاگر کرنا فطری ہے، سیاسی علیحدگی کے باوجود امریکا اور برطانیہ کی دوستی برقرار ہے۔ ترجمان امریکی سینٹ کام کے مطابق امریکی ناکہ بندی سے ایران کی سمندری تجارت متاثر ہوئی، امریکی افواج ایران آنے اور جانے والی تجارت کو روک رہی ہیں، چاہ بہار بندرگاہ پر جہازوں کی بڑی تعداد جمع ہے، چاہ بہار پر 5 جہاز ہوتے تھے، اب یہ تعداد بڑھ کر 20 سے زائد ہو گئی۔ دوسری جانب ایران نے یواین سیکرٹری جنرل کو خط میں امریکی ناکہ بندی کی مذمت کرتے ہوئے ایرانی جہازوں کو روکنا اور اثاثے ضبط کرنا سمندری قزاقی قرار دے دیا۔ ایرانی مندوب نے مطالبہ کیا کہ اقوام متحدہ امریکا تحویل میں لئے گیے جہاز چھوڑنے کا حکم دے، امریکی اقدام کی علاقائی اور عالمی سکیورٹی پر سنگین اثرات مرتب ہو سکتے ہیں، واشنگٹن کو ان اقدامات کے نتائج کی مکمل ذمہ داری اٹھانی ہوگی۔ قبل ازیں صدر ٹرمپ نے اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹروتھ سوشل پر جاری کیے گئے بیان میں دعویٰ کیا کہ ایران نے خود کہا ہے کہ ان کا ملک اندر سے زوال پذیر ہے۔ امریکی صدر کے بقول ایران نے یہ درخواست بھی کی ہے کہ امریکا آبنائے ہرمز کو جلد از جلد کھول دے کیونکہ وہ قیادت کی صورتحال کو سنبھالنے کی کوشش کر رہے ہیں، ان کے خیال میں ایران اس صورتحال سے نکلنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ تاحال ایرانی حکام کی جانب سے اس بیان پر کوئی باضابطہ ردعمل سامنے نہیں آیا اور نہ ہی کسی بین الاقوامی ذریعے نے ٹرمپ کے اس دعوے کی تصدیق کی ہے۔

بقیہ نمبر 05

سکیورٹی فورسز کا دفاع وطن کیلئے غیر متزلزل عزم ملک کی علاقائی سلمیت کو یقینی بنا رہا ہے، پاک فوج کا آپریشن غضب للحق تمام مقررہ اہداف کے حصول تک جاری رہے گا۔

بقیہ نمبر 06

کرتے ہوئے چیئرمین نیب لیفٹیننٹ جنرل (ر) نذیر احمد نے آئی ایم ایف رپورٹ پر اعتراضات اٹھاتے ہوئے کہا کہ میرا آئی ایم ایف سے اعتماد اٹھ گیا، آئی ایم ایف کو ہم نے بہت جگہ دی وہ ابھی بیڈ روم تک آ رہا ہے۔ چیئرمین نیب نے کہا کہ میں نے فیصلہ کیا ہے کہ آئی ایم ایف کی رپورٹ کو سنجیدہ نہ لوں، آئی ایم ایف نے اپنی رپورٹ میں نیب کی تعریف کی لیکن میرے ملک کے ساتھ اچھا نہیں ہے، ٹرانسپیرنسی انٹرنیشنل کی رپورٹ پر لوگ اعتماد نہیں کرتے۔ لیفٹیننٹ جنرل (ر) نذیر احمد نے کہا کہ آئی ایم ایف، ورلڈ بینک اور ٹرانسپیرنسی انٹرنیشنل نے ایک ٹرائیکا بنایا ہے، جو ملک پسند نہیں وہ ان کے خلاف ماحول بناتے ہیں۔ نیب حکم کا کہنا ہے کہ آئی ایم ایف رپورٹ کا ڈیٹا ٹھیک نہیں ہے، نیب کی 2026 کی پہلی سہ ماہی میں 2.962 ٹریلین روپے کی ریکارڈ ریکوری ہوئی، گزشتہ سال کے مقابلے میں ریکوری میں 33 گنا اضافہ ہوا۔ حکام کے مطابق نیب نے لینڈ ریکوری کے تحت 2950 ارب سے زائد مالیت کی زمین واگزار کروائی، ڈائریکٹ ریکوری کے تحت 11.085 ارب روپے کی ریکوری کی گئی، براہ راست ریکوری پلی بارگین اور جرمانوں کی مد میں کی گئی۔

بقیہ نمبر 07

بڑے مذہبی ایونٹ کے دوران کسی بھی ناخوشگوار صورتحال سے بچا جا سکے۔ انہوں نے یہ بات ستھرا پنجاب ایجنسی کے مرکزی دفتر میں بہاولپور اور بہاولنگر اضلاع کے نجی کنٹریکٹرز کے ساتھ منعقدہ اجلاس کے دوران کہی۔ اجلاس میں سینئر منیجر آپریشنز محمد امتیاز اللہ سمیت متعلقہ اضلاع کے کنٹریکٹرز اور نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران کنٹریکٹرز نے گزشتہ عید کے آپریشنل پلان، فیلڈ میں درپیش مسائل اور اپنے تجربات سے آگاہ کیا، جبکہ آئندہ عید الاضحیٰ پر مؤثر اور مربوط حکمت عملی اپنانے کی یقین دہانی بھی کروائی۔ اپنے خطاب میں محمد قاسم گل نے ہدایت کی کہ عید سے قبل تمام مشینری اور فیلڈ اسٹاف کو مکمل طور پر متحرک کیا جائے اور آپریشنل پلانز ہیڈ آفس میں بروقت جمع کروائے جائیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ قربانی کے جانوروں کی باقیات کی بروقت اور محفوظ تدفین کے لیے مناسب مقامات کی نشاندہی بھی فوری مکمل کی جائے۔ انہوں نے آپریشنل گاڑیوں کی مرمت و دیکھ بھال، شہری و دیہی علاقوں میں موجود ناکارہ ویسٹ کنٹینرز کی مرمت اور رنگ و روغن کو عید سے قبل یقینی بنانے کی ہدایات بھی جاری کیں۔ ایم ڈی نے مزید زور دیا کہ تمام کنٹریکٹرز اپنی متعلقہ تحصیلوں میں ویسٹ بیک لاگ کو فوری ختم کریں اور گھر گھر کوڑا اٹھانے کی سہولیات کو مزید بہتر بنائیں تاکہ شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ ستھرا پنجاب ایجنسی عید الاضحیٰ کے موقع پر بہترین صفائی انتظامات کو یقینی بنانے کے لیے ہر ممکن اقدامات کرے گی۔

بقیہ نمبر 08

غازی خان اور سدو خان سمیت دیگر شامل تھے، وہاں پہنچ گئے۔ ملزمان نے آتے ہی ارسلحہ خان کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ تم نے ہمیں جرگہ کی سوشل میڈیا پوسٹ پر کمنٹ کرنے سے منع کیا تھا، آج تمہیں اس کا مزہ چکھاتے ہیں۔ اس کے بعد ملزمان نے کلہاڑیوں کے وار کر کے ارسلحہ خان کو شدید زخمی کر دیا۔ اطلاع ملنے پر پولیس موقع پر پہنچ گئی اور زخمی کو طبی امداد کے لیے منتقل کر دیا گیا۔ چنی گوٹھ پولیس نے واقعے کا مقدمہ درج کر کے ملزمان کی تلاش شروع کر دی ہے۔

بقیہ نمبر 09

بطور جونیئر جج کیسز کی سماعت کریں گے، جسٹس بابر ستار انتظامی کمیٹی کا حصہ بن جائیں گے۔ دوسری جانب اسلام آباد ہائی کورٹ کے ججز کی ٹرانسفر کے بعد نوٹیفکیشن تاحال جاری نہ ہو سکا۔ جسٹس محسن اختر کیانی اسلام آباد ہائی کورٹ پہنچ گئے اور کیسز کی سماعت جاری رکھے ہوئے ہیں، جسٹس محسن اختر کیانی کی عدالت کی کازلسٹ بھی کورٹ کے باہر آویزاں کر دی گئی جبکہ جسٹس ثمن رفعت امتیاز بھی کیسز کی سماعت کریں گی۔ اس کے علاوہ جسٹس بابر ستار کی عدالت کی کازلسٹ منسوخ کر دی گئی۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز جوڈیشل کمیشن آف پاکستان نے اکثریتی رائے سے اسلام آباد ہائی کورٹ کے ججز جسٹس محسن اختر کیانی، جسٹس بابر ستار اور جسٹس ثمن رفعت امتیاز کے تبادلے ملک کی دیگر 3 صوبائی ہائیکورٹز میں کرنے کی منظوری دی تھی جبکہ جسٹس ارباب محمد طاہر اور جسٹس خادم حسین سومرو کے تبادلوں کی تجویز واپس لے لی تھی۔

بقیہ نمبر 10

کاموں کا معائنہ کیا اور متعلقہ افسران کو سخت ہدایات جاری کیں۔ ڈپٹی کمشنر نے واضح کیا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے وژن کے مطابق گرین بیلٹس کی صفائی ستھرائی کو سو فیصد یقینی بنایا جائے اور اس ضمن میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ گرین بیلٹس شہر کی خوبصورتی میں کلیدی کردار ادا کرتی ہیں اور ان کی باقاعدہ دیکھ بھال وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ گھاس کی بروقت کٹائی، صفائی اور دیکھ بھال کا عمل تسلسل کے ساتھ جاری رکھا جائے۔ مزید برآں گرین بیلٹس میں از سر نو گھاس لگانے اور نئے پودے لگانے کا بھی حکم دیا گیا۔ شجرکاری مہم کے تحت مختلف اقسام کے سایہ دار اور آرائشی پودے لگائے جائیں گے تاکہ شہریوں کو صاف، سرسبز اور خوشگوار ماحول میسر آ سکے۔ ڈپٹی کمشنر نے اس عزم کا اظہار کیا کہ شہر کو سرسبز و شاداب بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ انہوں نے متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ مقررہ مدت میں کام مکمل کر کے پیش رفت رپورٹ ضلعی انتظامیہ کو پیش کی جائے تاکہ کام کے معیار اور رفتار کی موثر نگرانی کی جا سکے۔

بقیہ نمبر 11

فراہم کرنا تھا۔ تقریب میں ڈویژنل ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر اشتیاق احمد، ڈپٹی ڈائریکٹر محمد عزیر، اسسٹنٹ ڈائریکٹر تنزیلہ رانی، رضوان اللہ سمیت دیگر افسران اور اسپیشل افراد نے شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا نے اس موقع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف خصوصی افراد کو معاشرے کا فعال اور باوقار شہری بنانے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسپیشل افراد میں الیکٹرک ٹرائی موٹر سائیکل کی مفت تقسیم اسی سلسلے کی ایک اہم کڑی ہے، جس کا مقصد ان کی نقل و حرکت میں آسانی پیدا کرنا اور انہیں خود مختار بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تقریب کے دوران 5 مستحق معذور افراد میں الیکٹرک ٹرائی موٹر سائیکل مفت تقسیم کی گئیں۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ معذور افراد کی بنیادی ضروریات کی تکمیل پنجاب حکومت کی اولین ترجیح ہے اور ان کی زندگی میں آسانی اور خوشی لانے کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے وزیر اعلیٰ پنجاب کے اس اقدام کو معذور افراد کی فلاح و بہبود کے لیے قابل ستائش قرار دیتے ہوئے کہا کہ ٹرائی سائیکل خصوصی افراد کے لیے امید کی ایک نئی کرن ثابت ہوں گی۔ تقریب کے اختتام پر مستفید ہونے والے افراد نے وزیر اعلیٰ پنجاب اور ضلعی انتظامیہ کا شکریہ ادا کیا اور اس اقدام کو بے حد سراہا۔

بقیہ نمبر 12

کیے، غفلت برتنے والے افسران سے جواب طلبی کی جائے، ڈی پی او رانا عبدالوہاب۔ تفصیلات کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے ویژن اور احکامات کی روشنی میں ڈی پی او رانا عبدالوہاب کی روزانہ کی بنیاد پر اپنے دفتر میں کھلی کچہری کے دوران 20 سے زائد شہریوں کے مسائل دریافت کئے۔ ڈی پی او بہاولپور نے کھلی کچہری میں تمام سائلین کو باری باری تفصیل سے سنا اور انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو بذریعہ فون کال بروقت قانونی کارروائی اور واپسی رپورٹ کے احکامات جاری کیے جبکہ متعدد ایس ایچ اوز کو کھلی کچہری میں طلب کر کے براہ راست جواب طلبی کی۔ کھلی کچہری میں ڈی پی او اور رانا عبدالوہاب نے متعدد سائلین کی درخواستوں پر انکوائریوں کا حکم دیا۔ ریکوری کے مقدمات میں ڈی پی او بہاولپور نے تفتیشی افسران کو حکم دیا ایک ہفتے کے اندر اندر ریکوری کر کے مدعی مقدمہ کے حوالے کر کے رپورٹ جمع کروائیں۔ ڈی پی او رانا عبدالوہاب نے کہا کہ کھلی کچہریوں کا مقصد وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق شہریوں کے مسائل کو میرٹ پر بروقت حل کرنا اور عوام و پولیس کے درمیان اعتماد کی فضا کو مزید مضبوط بنانا ہے۔ شہریوں نے ڈی پی او کے اس اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان کے مسائل کے فوری حل کے لیے براہ راست رابطہ ایک خوش آئند قدم ہے۔

بقیہ نمبر 13

گیا۔ اجلاس میں متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی اور ریڑھی بازار منصوبے کے مختلف پہلوؤں پر بریفنگ دی گئی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے ویژن ''اپنا روزگار سکیم،، کے تحت چھوٹے کاروبار کے فروغ اور شہریوں کو باعزت روزگار کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات تیزی سے جاری ہیں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ ریڑھی بازار منصوبے کو جلد از جلد مکمل کیا جائے تاکہ شہریوں کو جدید اور منظم سہولیات فراہم کی جا سکیں۔ بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ ضلع کی مختلف تحصیلوں میں مجموعی طور پر 660 ریڑھیوں کی ضرورت ہے۔ تفصیلات کے مطابق بہاولپور سٹی میں 120، بہاولپور صدر میں 25، احمد پور ایسٹ میں 130، یزمان میں 170، خیرپور ٹامیوالی میں 65 جبکہ حاصل پور میں 150 ہینڈ کارٹس مختص کی گئی ہیں۔ اجلاس میں 86 کسٹمائزڈ ہینڈ کارٹس کی تجویز بھی پیش کی گئی جن میں سے 30 کرافٹ بازار اور 25 میلہ گلی کے لیے مختص کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ حکام نے بتایا کہ 31 ہینڈ کارٹس کی تقسیم کا عمل جاری ہے جبکہ اب تک مجموعی طور پر 55 ہینڈ کارٹس تقسیم کی جا چکی ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ کرافٹ بازار اور میلہ والی گلی میں جدید طرز کی ہینڈ کارٹس کے ذریعے منظم ریڑھی بازار قائم کیے جائیں تاکہ کاروباری افراد کو بہتر ماحول اور شہریوں کو معیاری سہولیات میسر آ سکیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ون یونٹ اسٹاف کالونی میں سہولت بازار قائم کر دیا گیا ہے جبکہ کمرشل ایریا میں کام شروع کرنے کی تیاریاں مکمل کر لی گئی ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ ضلعی انتظامیہ اس منصوبے کو شفافیت اور میرٹ کی بنیاد پر پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لیے پرعزم ہے تاکہ چھوٹے کاروباری افراد کو مستحکم روزگار کے مواقع فراہم کیے جا سکیں۔

بقیہ نمبر 14

باضابطہ طور پر نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے جس کے ذریعے امپورٹ پالیسی آرڈر 2022 میں ترامیم کر دی گئی ہیں۔ امپورٹ اینڈ ایکسپورٹ (کنٹرول) ایکٹ 1950 کی دفعہ تین کی ذیلی دفعہ (1) کے تحت حاصل اختیارات کو بروئے کار لاتے ہوئے امپورٹ پالیسی آرڈر 2022 میں مزید ترامیم کے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق مذکورہ حکم نامے کے پیراگراف 7 میں ذیلی پیراگراف (2) کے بعد ایک نیا ذیلی پیراگراف (3) شامل کر دیا گیا ہے جس کے تحت ایسے ممالک یا اداروں سے اشیاء کی درآمد پر پابندی عائد کر دی گئی ہے جو مکمل یا جزوی طور پر جبری مشقت کے ذریعے تیار یا پیدا کی گئی ہوں۔ نوٹیفکیشن کے مطابق بین الاقوامی لیبر آرگنائزیشن (آئی ایل او) کی جانب سے ممنوعہ قرار دی جانے والی اشیاء کی روشنی میں وقتاً فوقتاً ان اشیا، اداروں اور ممالک کی فہرست جاری کی جائے گی جن پر یہ پابندی لاگو ہوگی۔ مزید برآں ان ممالک سے درآمد کرنے والے درآمد کنندگان کے لیے لازم قرار دیا گیا ہے کہ وہ متعلقہ دستاویزی ثبوت یا سرٹیفکیشن فراہم کریں جس سے یہ ثابت ہو سکے کہ درآمد کی جانے والی اشیا جبری مشقت کے ذریعے تیار یا پیدا انہیں کی گئی ہیں۔

بقیہ نمبر 15

قومی گائیڈ لائنز میں شفافیت، احتساب اور تعصب سے بچاؤ پر زور دیا گیا ہے جبکہ عدالتی نظام میں اے آئی کے استعمال کیلئے پرائیویسی اور ڈیٹا سیکیورٹی لازمی قرار دی گئی ہے، اے آئی کیس مینجمنٹ، قانونی تحقیق اور دستاویزات پراسیسنگ میں مدد دے گی۔ اعلامیہ میں کہا گیا کہ ججز اور عدالتی عملے کی اے آئی تربیت کیلئے خصوصی پروگرام شروع ہوں گے، گائیڈ لائنز تمام ہائی کورٹس کی مشاورت سے تیار کی گئی ہیں۔ سپریم کورٹ کا کہنا ہے کہ ہائی کورٹس اپنی ضرورت کے مطابق اے آئی نفاذ کا طریقہ کار طے کریں گی، عدالتوں میں اے آئی کا استعمال پاکستان کے عدالتی اصلاحاتی سفر میں بڑا سنگ میل ہے۔

بقیہ نمبر 16

مفاد میں جو بھی کوئی کام کرے گا ہم اس کے ساتھ ہیں، پاکستان کو اس وقت دیانت دار قیادت کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت مہنگائی کنٹرول کرنے کے لیے اپنی مراعات کم کرنے پر تیار نہیں، مراعات یافتہ طبقے کی مراعات میں مزید اضافہ کیا جا رہا ہے۔ امیر جماعتِ اسلامی پاکستان کا کہنا ہے کہ ملک میں موٹر سائیکل چلانے والوں کی اکثریت ہے، حکومت نے غیر قانونی لیوی عائد کر رکھی ہے، حکومت کو پیٹرول پر فوری طور پر لیوی ختم کر دینی چاہیے۔

بقیہ نمبر 17

مقامی افراد نے متعلقہ انتظامیہ کی کارکردگی پر سوال اٹھاتے ہوئے کہا ہے کہ تجاوزات کے خلاف کارروائی صرف کاغذوں تک محدود ہے جبکہ عملی اقدامات نظر نہیں آ رہے۔ اہل علاقہ نے ضلعی انتظامیہ اور میونسپل کمیٹی سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ ریلوے اسٹیشن چوک کو تجاوزات سے پاک کروا کر ٹریفک کی روانی بحال کی جائے، بصورت دیگر عوام احتجاج پر مجبور ہوں گے۔

بقیہ نمبر 18

پارٹی کے مرکزی کنوینر شاہد خاقان عباسی نے کہا ہے کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں پر حکومتی پالیسی بالکل غلط ہے۔ سابق وزیر خزانہ مفتاح اسماعیل سمیت دیگر رہنماؤں کے ساتھ گلشن اقبال کے اردو بازار گراؤنڈ میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے سابق وزیراعظم اور عوام پاکستان پارٹی کے رہنما شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ کراچی کے مسائل پر بات کرنا ضروری ہے کیونکہ کراچی ترقی کرے گا تو پاکستان ترقی کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ سندھ پر ایک سیاسی جماعت 17 سال سے حکومت کر رہی ہے جبکہ صوبے کو اس کی آبادی کے لحاظ سے وسائل بھی ملتے ہیں، تاہم اس کے باوجود مسائل جوں کے توں ہیں۔ شاہد خاقان عباسی نے یاد دلایا کہ گلشن اقبال میں 20 سال قبل ایلیویٹڈ ٹرین کا منصوبہ بھی بنایا گیا تھا، مگر آج تک اس پر پیش رفت نہ ہو سکی۔ انہوں نے بی آر ٹی سڑک تاحال نہ بننے کو ایک معما قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ یونیورسٹی روڈ کے ترقیاتی کام کا ٹھیکیدار بھی تبدیل کر دیا گیا ہے اور اگر حکومت ایک سڑک بھی نہیں بنا سکتی تو پھر کیا کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ شہر میں عوام کو پانی ٹینکرز کے ذریعے مل رہا ہے۔ اسی طرح سندھ کے دیہی علاقوں کی صورتحال بھی ابتر ہے۔ پورے صوبے کا انفرااسٹرکچر تباہ حال ہو چکا ہے۔ ان خرابیوں کو دور کرنے کے حل موجود ہیں۔ حکومت وقت کو جواب دینا ہوگا کہ ہر شہری کو گھر میں پانی کب فراہم کیا جائے گا۔ شہروں میں ہائیڈرنٹ اور ٹینکر مافیا موجود ہے۔ سندھ کے اسکول تباہ حال ہیں۔ سابق وزیراعظم نے صنعتی علاقوں کے مسائل کو بھی سنگین قرار دیتے ہوئے کہا کہ کراچی کے مسائل کا اثر پورے پاکستان پر پڑتا ہے۔ شاہد خاقان عباسی نے سوال اٹھایا کہ سندھ کے وسائل کی رقم کہاں جا رہی ہے۔ جن کے محلات لندن اور دبئی میں ہوں، ایسے میں صوبہ کیسے ترقی کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں کرپشن کے عروج پر ہے۔ انہوں نے فیول کی قیمتوں پر حکومت کی پالیسی کو مکمل طور پر غلط قرار دیتے ہوئے کہا کہ موجودہ حکومت بے اختیار ہے، اس کی پالیسیوں کا براہ راست اثر عوام پر پڑ رہا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ حکومت کو اپنی پالیسیاں تبدیل کرنے کی ضرورت ہے۔ آخر حکومت عوامی مسائل کے حل پر توجہ کیوں نہیں دے رہی۔ پریس کانفرنس کے دوران انہوں نے کہا کہ 15 لاکھ شہری ملک چھوڑ کر بیرون ممالک جا چکے ہیں۔ حکومت کو عوامی مسائل کے حل کے لیے واضح حکمت عملی بنانی ہوگی۔ اسلام آباد کو 12 دن تک بند رکھنا پڑا، جس کے باعث اسکول، ہوٹلز اور کاروبار بند رہے ملک کا سکیورٹی سسٹم کمزور کیوں سمجھا جاتا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ مفتاح اسماعیل نے اپنی وزارت خزانہ کے دور میں سندھ حکومت کو گرین لائین، کے فور اور دیگر منصوبوں کے لیے فنڈز مہیا کر دیے تھے۔ نیشنل فنانس کمیشن کے بعد صوبوں کے پاس بہت پیسے ہیں، یہ کہنا غلط ہے کہ مرکز فنڈ نہیں دیتا۔

بقیہ نمبر 19

پروفیسر ڈاکٹر عامر سہیل ڈین فیکلٹی آف آرٹس اینڈ لینگوئجز اور پروفیسر ڈاکٹر عصمت درانی صدر شعبہ فارسی نے بھی اس موضوع پر اپنے خیالات کا اظہار کیا۔

بقیہ نمبر 20

شدید نقصان اٹھانا پڑا۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان ملک کے سب سے بڑے سیاسی رہنما ہیں جن کا مؤقف واضح ہے کہ جنگ اور فوجی آپریشن مسائل کا حل نہیں، موجودہ صورتحال کی وجہ سے خیبر پختونخوا کا افغانستان کے ساتھ سالانہ 10 ارب روپے سے زائد کا تجارتی حجم شدید متاثر ہوا ہے۔ سہیل آفریدی نے کہا کہ صوبائی حکومت مارکیٹ ڈیمانڈ کے مطابق نصاب اور کورسز میں اصلاحات کر رہی ہے، عمران خان کے وژن کے مطابق نوجوانوں پر سرمایہ کاری کر رہے ہیں۔ وزیر اعلیٰ نے مزید کہا کہ صوبے میں تعلیم کا بجٹ کئی گنا بڑھایا گیا ہے اور تعلیم کے فروغ پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ انٹرمیڈیٹ سطح پر یتیموں اور طالبات کو مفت تعلیم کی فراہمی کے لیے ایجوکیشن کارڈ متعارف کرایا گیا ہے۔ اس موقع پر یورپی یونین کے سفیر ریمونڈاس کاروبلس نے کہا کہ ٹیکنالوجی اور ووکیشنل اسکلز ترجیحی شعبہ جات ہیں، سینٹر آف ایکسی لینس مستقبل کی ضروریات کے مطابق ایک جدید ماڈل ہے۔ ملاقات میں دوطرفہ تعاون پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر اعلیٰ نے یورپی وفد کا خیر مقدم کیا اور سینٹر آف ایکسی لینس کے قیام میں یورپی یونین کے تعاون کو سراہا۔ اس موقع پر وزیر برائے اعلیٰ تعلیم مینا خان آفریدی، ایڈیشنل چیف سیکرٹری پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ اور یورپی یونین کے حکام بھی موجود تھے۔

بقیہ نمبر 21

بورڈ آف انویسٹمنٹ، قیصر احمد شیخ نے لندن میں منعقدہ ایک نہایت معتبر دفاع و سلامتی ادارے سے خطاب کیا ـــــ یہ اعزاز عموماً صرف سربراہانِ مملکت، وزرائے اعظم یا اعلیٰ عسکری قیادت کو حاصل ہوتا ہے۔ یہ پہلا موقع ہے کہ پاکستان کے کسی وفاقی وزیر کو اس اعلیٰ سطحی فورم سے خطاب کا اعزاز حاصل ہوا، جو عالمی سطح پر پاکستان کے بڑھتے ہوئے مقام اور سفارتی اہمیت کا مظہر ہے۔ یہ باوقار تقریب لندن کے معروف علاقے پال مال میں منعقد ہوئی، جہاں سفارتکاروں، ہائی کمشنرز، برطانوی اراکینِ پارلیمنٹ، برطانیہ کے دفترِ خارجہ کے نمائندگان، دفاعی ماہرین، اور قانونی، معاشی و طبی شعبوں سے تعلق رکھنے والی ممتاز شخصیات نے شرکت کی۔ اپنے کلیدی خطاب میں وفاقی وزیر نے پاکستان کے دفاعی اور معاشی سفارتکاری کے امتزاج پر زور دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان اپنی جغرافیائی اہمیت کے باعث مغرب اور مشرق کے درمیان ایک اہم راہداری کی حیثیت رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا محلِ وقوع اسے عالمی تجارت، روابط اور سلامتی کے تناظر میں ایک مرکزی مقام فراہم کرتا ہے۔ وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ نے پاکستان میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع کا ذکر کرتے ہوئے خصوصاً انفارمیشن ٹیکنالوجی، زراعت اور صنعتی شعبوں کو نمایاں کیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومتِ پاکستان سرمایہ کاروں کو سہولیات فراہم کرنے اور کاروبار دوست پالیسیوں کے فروغ کے لیے مؤثر اصلاحات پر عمل پیرا ہے۔ انہوں نے پاکستان اور برطانیہ کے درمیان تاریخی تعلقات کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان تعلقات باہمی احترام، مشترکہ اقدار اور طویل المدتی شراکت داری پر مبنی ہیں، جنہیں مزید مضبوط بنانے کی ضرورت ہے، خصوصاً دفاع، معیشت اور سفارتکاری کے شعبوں میں۔ خطاب کے دوران وفاقی وزیر نے عالمی امن کے قیام میں پاکستان کے کردار کو بھی اجاگر کیا اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت کو خراجِ تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ عالمی سطح پر کشیدگی کے خاتمے اور مکالمے کے فروغ میں پاکستان کا کردار نہایت اہم ہے اور یہ کوششیں عالمی استحکام کے لیے ناگزیر ہیں۔ وفاقی وزیر نے وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف کی قیادت کو بھی سراہا اور کہا کہ پاکستان کی فعال سفارتکاری کو عالمی سطح پر قدر کی نگاہ سے دیکھا جا رہا ہے۔ خطاب کے اختتام پر شرکاء نے بھرپور تالیوں کے ساتھ پاکستان کے مثبت کردار کو سراہا اور عالمی امن و استحکام کے فروغ میں پاکستان کی کاوشوں کو قابلِ تحسین قرار دیا۔ برطانوی حکام اور دیگر عالمی شخصیات نے پاکستان کی سفارتی کوششوں کی تعریف کرتے ہوئے اسے عالمی سطح پر امن کے قیام کے لیے اہم قرار دیا۔ تقریب کے اختتام پر شرکاء نے پاکستان کی قیادت کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا اور عالمی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے باہمی تعاون جاری رکھنے کی ضرورت پر زور دیا۔ وفاقی وزیر کا یہ دورہ برطانیہ دولتِ مشترکہ کے تجارتی و سرمایہ کاری سرگرمیوں میں شرکت کے سلسلے میں بھی ہے، جہاں وہ پاکستان کو عالمی سرمایہ کاری کے لیے ایک پرکشش اور محفوظ منزل کے طور پر اجاگر کر رہے ہیں۔ بورڈ آف انویسٹمنٹ پاکستان کی عالمی معاشی رسائی کو فروغ دینے اور اسے ایک قابلِ اعتماد اقتصادی و اسٹریٹجک شراکت دار کے طور پر مستحکم بنانے کے لیے پُرعزم ہے۔

بقیہ نمبر 22

کے تحت اسکولوں کو مختلف آپشنز فراہم کیے گئے ہیں تاکہ وہ اپنے وسائل کو بہتر طور پر استعمال کر سکیں۔ اسکول کے جغرافیائی محل وقوع اور مقامی ضروریات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ مالی خودمختاری کے لیے دستیاب مختلف آپشنز پر ممبران نے اپنی اپنی رائے پیش کی۔ اجلاس میں اسکول کونسل کے معزز ممبران وائس چیئرمین جام محمد اصغر، رانا رحمت اللہ، محمد مرتضیٰ، ساجد محمود ہاشمی نے اپنی موجودگی کو یقینی بنایا۔ پرنسپل حاجی اللہ رکھا منور نے اسکول کونسل کے ممبران کے تعاون کا شکریہ ادا کیا اور اس عزم کا اظہار کیا کہ اسکول کی ترقی کے لیے تمام دستیاب وسائل کو شفاف طریقے سے بروئے کار لایا جائے گا۔#

بقیہ نمبر 23

مارکیٹ میں ملا جلا رجحان ہے جبکہ پاکستان اسٹاک ایکسچینج 100 انڈیکس اب سے کچھ دیر پہلے 1 ہزار 144 پوائنٹس کی کمی کے بعد 1 لاکھ 67 ہزار 268 پوائنٹس پر دیکھا گیا۔ دوسری جانب کوریا اور ہانگ کانگ کے شیئر بازاروں میں مثبت رجحان ہے جبکہ جاپان کی اسٹاک مارکیٹ میں کمی آئی ہے۔ ادھر آبنائے ہرمز میں کشیدگی کے باعث تجارتی جہازوں کی آمد و رفت شدید متاثر ہوئی ہے۔ الجزیرہ کا دعویٰ ہے کہ ہفتے کے روز آبنائے ہرمز سے صرف 19 جہاز گزرے جبکہ عام حالات میں یہ تعداد تقریباً 129 جہاز روزانہ ہوتی ہے۔ یاد رہے کہ آبنائے ہرمز وہ سمندری راستہ ہے جہاں سے دنیا کے تقریباً پانچویں حصے کے تیل اور گیس کی ترسیل ہوتی ہے۔

بقیہ نمبر 24

میدان میں بھارتی بیانیے کو زمین بوس کر دیا۔ اسی طرح حالیہ دنوں میں ایران اور امریکہ کے مابین سفارت کاری کر کے دنیا کو عالمی سانحے سے بچایا۔ اس موقع پر ڈین فیکلٹی آف لاء پروفیسر ڈاکٹر راؤ عمران حبیب، رجسٹرار محمد شجیع الرحمن، کنٹرولر امتحانات طالب حسین، ڈائریکٹر میڈیا اینڈ پبلک ریلیشنز ڈاکٹر شہزاد احمد خالد، فیکلٹی ممبران، افسران اور طلباء و طالبات کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

☆☆☆☆

پبلشر
احسان احمد سحر
پرنٹر
نسیم اختر
مطبع
گردیزی پرنٹنگ پریس بہاولپور
مقام اشاعت
535-536 سرور شاہ سٹریٹ احمد پور شرقیہ

Al - HASSAN ACADEMY
Learn, Grow ,Succeed
For Girls & Boys
Play Group to Matric
F.Sc I.C.S F.A ADP B.Ed
ADS Computer Classes
Best Choice in the Town
ADMISSION OPEN
100% رزلٹ کی گارنٹی۔
Director Neelma Hassan 0303-6350555
Administrator Waseem Sajawal 0304-7530705
House No 245, Z-Block Satellite Town, Near Dr. Waseem Sandhu Clinic, Ahmad Pur East

گلشن نبی ٹاؤن احمد پور شرقیہ
صحت مند زندگی کو یقینی بنانے کیلئے دبئی کا تربیتی پروگرام
NEW LOOKS BEAUTY SALOON
FINTESS STUDIO GYM
FOR LADIES
جدید کارڈیو ٹریننگ کے علاوہ گروپ سیشن بھی شامل
خواتین کو وزن کم کرنے کیلئے ٹریننگ دی جاتی ہے۔
اور پرسنل ٹریننگ کی سہولت موجود ہے
نیو لوکس بیوٹی پارلر
فیشل | اسکن پالش | تھریڈنگ | ویکس
ہیئر کٹنگ | ہیئر ڈائی | پارٹی میک اپ | برائیڈل میک اپ
نیز مہندی کے خوبصورت ڈیزائن بنائے جاتے ہیں
0333-7799637
اور بچیوں کو ٹریننگ بھی دی جاتی ہے
Ladies Time
Morning: 8:00 to 9:00 AM
Evening: 4:00 to 5:00 PM